اسکول کے قوانین وضوابط

۱۔ ہر طالب علم کیلنڈر کو روزانہ اپنے ساتھ لائے۔ سال بھر اسے سنبھالے اور کیلنڈر کے کسی بھی صفحے کو نہ پھاڑے۔

۲۔ اسکول کے اوقات کے دوران کلاس اور راہداری میں نظم وضبط برقرار رکھیں۔ ایک جماعت سے دوسری جماعت میں داخل ہوتے وقت ایک قطار میں بائیں جانب سے چلیں۔

۳۔ ذاتی صفائی اور حفظانِ صحت کا خیال رکھیں۔ کوڑے دان کا استعمال کریں اور اسکول کی صفائی برقرار رکھنے میں اپنا بھرپور تعاون دیں۔

۴۔ طلبہ کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اپنی چیزوں کی حفاظت خود کریں۔ بڑی رقم اور قیمتی سامان لانے سے گریز کریں۔ ایسی کسی بھی چیز کے کھو جانے پر یا کسی نقصان کی ذمہ داری اسکول پر عائد نہیں ہوگی۔

۵۔ دیر سے آنے والے طلبہ کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے والدین/سرپرست سے دیر سے آنے کی وجہ مع دستخط کیلنڈر میں ہی لکھوا کر لائیں اس کے بغیر انھیں جماعت میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوگی۔

۶۔ ہیڈ مسٹریس کی جانب سے مقرر کی گئی ٹیچر دیر سے آنے والے طلبہ کے کلینڈر پر دستخط کرے گی۔ اور غیر حاضر رہنے والے طلبہ کے کلینڈر پر ان کی کلاس ٹیچر دستخط کرے گی۔